ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(15)

07.01.2023

**بہاولپور() پولیس کی جانب سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، سال 2022ء میں 01 لاکھ 93 ہزار سے زائد مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری و عدالتی مفروران کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 167 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جارہی ہے۔ جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ سال 2022ء میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد کی چیک جاری ہے، دوران چیکنگ ہوٹل آئی سسٹم کے ذریعے ہوٹلز پر آئے 90155 مہمانوں کو چیک کیا گیا جبکہ ٹریول آئی سسٹم کے ذریعے 103297 مسافروں کو چیک کیا گیا۔ جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری و عدالتی مفروران کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 167 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ سمارٹ آئی سافٹ ویئر کو سیکیورٹی کے عمل کا مستقل فیچر بناتے ہوئے، بہاولپور پولیس نے سمارٹ آئی ایپلی کیشن کا استعمال کرتے ہوئے ضلع بھر میں تقریبا 84 ہوٹلوں اور 45 بس اڈوں کو جوڑ رکھا ہے۔ سمارٹ آئی نظام پی ایس آر ایم ایس اور سی آر او کے ساتھ مربوط ہے۔ اگر مجرمانہ ریکارڈ رکھنے والا کوئی شخص چیک ان کرتا ہے تو پولیس کو اطلاع بھیجی جاتی ہے اور اس سلسلے میں مناسب کارروائی کی جاسکتی ہے۔ حکومت پنجاب نے ہوٹلوں کے لیے یہ لازمی قرار دیا کہ وہ مہمانوں کی تفصیلات کے اندراج کے لیے ہوٹل آئی سسٹم اور مسافروں کی تفصیلات کے اندراج کے لیے ٹریول آئی سسٹم کا استعمال کریں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور: پولیس کی جانب سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص کی چیکنگ کا سلسلہ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (16)

07.01.2023

## بہاول پور () ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی حاصل پور میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ بعدازیں ڈرائیونگ سکول حاصلپور، تھانہ سٹی حاصلپور اور صدر حاصلپور کا وزٹ کیا، متعدد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار نے حاصل پور میں کھلی کچہری کی جس میں متعدد شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ڈی ایس پی حاصل پور اور سرکل کے تمام ایس ایچ اوز نے بھی کھلی کچہری میں شرکت کی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی بروقت دادرسی کی جاسکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جوکہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔عام آدمی کو اس کی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ بعدازیں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے ڈرائیونگ سکول حاصلپور، تھانہ سٹی حاصلپور اور صدر حاصلپور کا وزٹ کیا۔ جہاں پر انہوں نے محرر آفس، مال خانہ فرنٹ ڈیسک اور تھانہ کے ریکارڈ کو چیک کیا۔حوالات میں بند ملزمان کی تفصیلات حاصل کیں انہوں نے ڈیوٹی پر موجود افسران و فرنٹ ڈیسک عملہ کو ہدایت کی عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کرتے ہوئے ان کی فوری دادرسی کی جائے ان کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں، مقدمات کو جلد از جلد میرٹ پر یکسو کریں۔انہوں نے فرنٹ ڈیسک پر ریکارڈ کی تکمیل کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ تکمیل ریکارڈ میں کسی قسم کی سستی و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔تھانہ میں صفائی پر خاص توجہ ہونی چاہیے۔وزٹ کے دوران متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی حاصل پور میں کھلی کچہری کا انعقاد۔ بعدازیں ڈرائیونگ سکول حاصلپور، تھانہ سٹی حاصلپور اور صدر حاصلپور کا وزٹ کیا

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(17)

07.01.2023

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی جاری، گذشتہ 03 روز میں 19 ملزمان گرفتار، 575 لیٹر دیسی شراب ولاہن معہ 03 چالو بھٹی، 01 کلو گرام سے زائد چرس، 03 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد بندوق 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور، اور پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کا 03 ملزم گرفتار ،مقدمات درج ۔سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات برآمد کر لی۔ تھانہ سمہ سٹہ، سٹی احمد پور شرقیہ، دھوڑ کوٹ، نوشہرہ جدید اور سٹی یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 08 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 415 لیٹر دیسی شراب ولاہن 160 لیٹر معہ 03 چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب اور خیر پور ٹامیوالی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1640 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، صدر حاصلپور، سٹی احمد پور شرقیہ، بغداد الجدید اور نوشہرہ جدید پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 07 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد بندوق 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیے۔ جبکہ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والے 03 ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور: پولیس ک جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری، گذشتہ 03 روز میں 19 ملزمان گرفتار، منشیات اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج۔**